




R.N.I.No.APURD/2013/54302

ہفتہ روزہ — حیدرآباد

# فلک نما نیوز

FALAKNUMA NEWS — Urdu Weekly Hyderabad

Editor In Chief: MOHD ATHER RAHEEM



THURSDAY 28 MAY 2026 VOLUME:14 ISSUE :20 Rs.2.00 PAGES 4

جمعرات ۲۸؍مئی ۲۰۲۶ء ۱۰؍ذی الحجہ ۱۴۴۷ھ جلد (۱۴) شمارہ (۲۰) قیمت ایک روپیہ


## 15 لاکھ غریب خاندان کو 5 لاکھ کا انشورنس، 2 جون سے اسکیم کا آغاز

### خواتین کو سولار پاور پلانٹس کا 27 مئی سے الاٹمنٹ، 53 لاکھ خاندانوں کو مفت برقی سربراہی، کھمم میں بھٹی وکرامارکا کا خطاب



حیدرآباد۔ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ کانگریس پارٹی نے انتخابات کے موقع پر عوام سے جو وعدے کئے تھے ان کی تکمیل کے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ گزشتہ ڈھائی برسوں میں کئی اہم وعدوں کی تکمیل کرتے ہوئے غریبوں کی زندگی میں خوشحالی پیدا کی گئی۔ بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ 2 جون کو یوم تاسیس تلنگانہ کے موقع پر اندراماں انشورنس اسکیم کا آغاز کیا جائے گا۔ مذہب اور ذات پات سے بالاتر ہوکر ریاست میں 15 لاکھ غریب خاندانوں کو اندراماں انشورنس کے تحت تحفظ فراہم کیا جائے گا۔بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ بی آر ایس دورحکومت میں خودکشی کرنے والے کسانوں کے پسماندگان کو ایک لاکھ روپے کی امداد کے لئے دفاتر کے چکر کاٹنے پڑے پھر بھی امداد جاری نہیں کی گئی۔غریبوں کو اس طرح کی صورتحال سے بچانے کے لئے حکومت نے انشورنس اسکیم متعارف کی ہے اور ہر گھر میں 5 لاکھ روپے کا انشورنس فراہم کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ عہدیدار جلد ہی ہر گھر پہنچ کر تفصیلات حاصل کریں گے۔ ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ تلنگانہ حکومت نے خواتین کو معاشی طور پر مستحکم بنانے کے لئے انہیں صنعت کار بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 27 مئی کو کھمم کے مدھیرا اسمبلی حلقہ میں خواتین کے سیلف ہیلپ گروپس کو سولار پاور پلانٹس الاٹ کرنے کی اسکیم کا آغاز ہوگا۔خواتین کے سیلف ہیلپ گروپس کو ہر سال 20 ہزار کروڑ بلاسودی قرض فراہم کیا جارہا ہے۔ضرورت پڑنے پر قرض کی رقم میں اضافہ کرتے ہوئے ایک لاکھ کروڑ کیا جائے گا۔خواتین کو ریاست میں آر ٹی سی میں مفت سفر کی سہولت حاصل ہے۔عنقریب خواتین کے گروپس کو 550 آر ٹی سی بسیں الاٹ کی جائیں گی۔انہوں نے کہا کہ حکومت تلنگانہ کی ایک کروڑ خواتین کو کروڑ پتی بنانے کا منصوبہ رکھتی ہے۔راشن کارڈ پر باریک چاول کی تقسیم کا حوالہ دیتے ہوئے ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ مارکٹ میں 50 تا 55 روپے فی کیلو چاول ایک کروڑ 6 لاکھ خاندانوں کو فی کس 6 کیلو کے حساب سے مفت سربراہ کیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ 200 یونٹ مفت برقی سربراہی اسکیم سے ریاست میں 53 لاکھ خاندانوں کو فائدہ پہنچا۔ اندراماں ہاوزنگ اسکیم کے تحت ریاست بھر میں 4.50 لاکھ مکانات منظور کئے گئے اور مکان کی تعمیر کے لئے 5 لاکھ کی امداد دی جارہی ہے۔کابینہ کے اجلاس میں مزید 2 لاکھ مکانات کی منظوری دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کو جھونپڑیوں سے پاک ریاست میں تبدیل کیا جائے گا۔ اسکولوں کی طرح جونیر کالجس میں بریک فاسٹ اور میڈ ڈے میل اسکیم متعارف کی جارہی ہے۔انہوں نے اپوزیشن پر تنقید کی اور کہا کہ حکومت کی فلاحی اور ترقیاتی اسکیمات کو برداشت نہ کرتے ہوئے مہم چلائی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کا کوئی بھی گھر حکومت کی اسکیمات کے فوائد سے محروم نہیں رہے گا۔بھٹی وکرامارکا نے کھمم ضلع میں پرجا پالنا پروگرام کے تحت مختلف ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا۔

## سال 2021 تا 2025 کے دوران دنیا بھر سے ایک لاکھ 71 ہزار 150 ہندوستانی جلاوطن

### کانگریس حکومت ترقی میں رکاوٹ ڈالنے کی کاوشوں کو برداشت نہیں کرے گی: سریدھر بابو



حیدرآباد۔وزیر آئی ٹی وانڈسٹری ڈی سریدھر بابو نے کل بی ا?ر ایس قائدین پر الزام عائد کیا کہ وہ ’بلیک میل‘ سیاست کررہے ہیں اور ریاستی حکومت کے ترقیاتی اقدامات میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کررہے ہیں بالخصوص مجوزہ ’بھارت فیوچر سٹی‘ پراجکٹ کو روکنے کی کوشش کررہے ہیں۔سی ایل پی میڈیا ہال، حیدرا?باد میں ایک پریس کانفرنس سے مخاطب کرتے ہوئے سریدھر بابو نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں کو تعمیری تنقید کرنی چاہئے نہ کہ تخریبی سیاست جس سے ریاست کی ترقی میں رکاوٹ ہوتی ہے۔وزیر موصوف نے الزام عائد کیا کہ سینئر بی ا?ر ایس قائدین بشمول ٹی ہریش راو? اور کے ٹی راما راو? اسمبلی انتخابات میں پارٹی کی شکست کو قبول نہیں کرپارہے ہیں اور سستی سیاست، توجہ ہٹانے کی سیاست اور بلیک میل سیاست کررہے ہیں۔ ہریش راو? کے دورہ امریکہ کے دوران حالیہ ریمارکس کا حوالہ دیتے ہوئے سریدھر بابو نے کہا کہ بی ا?ر ایس قائد اقتدار حاصل کرنے کا دن کا خواب دیکھ رہے ہیں اور پارٹی کو پھر اقتدار حاصل ہو تو ’بھارت فیوچر سٹی‘ پراجکٹ کو منسوخ کرنے کی دھمکی دے رہے ہیں۔وزیر ا?ئی ٹی نے بی ا?ر ایس پر الزام عائد کیا کہ اس نے پہلے موسیٰ ندی پراجکٹ کو روکنے کی کوشش کی اور اب فیوچر سٹی اقدام کے خلاف سازش کررہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ کانگریس حکومت عوام کی اُمنگوں کے مطابق اقدامات کررہی ہے اور ترقی میں رکاوٹ ڈالنے کی کوششوں کو برداشت نہیں کرے گی۔

## SIR مہم شفافیت کیساتھ مکمل کرنے چیف الیکٹورل آفیسر کی ہدایت

### کوئی بھی اہل ووٹر فہرست سے محروم نہ ہونے پائے، سلم علاقوں میں شعور بیداری، سدرشن ریڈی کا جائزہ اجلاس

حیدرآباد۔۔ چیف الیکٹورل آفیسر تلنگانہ سی سدرشن ریڈی نے ریاست میں فہرست رائے دہندگان پر خصوصی نظرثانی مہم SIR 2026 پر اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کرتے ہوئے ضروری ہدایات جاری کیں۔ ایڈیشنل چیف الیکٹورل ا?فیسر ڈاکٹر وی وینکٹیشور ریڈی ا?ئی اے ایس، ڈپٹی سی ای او جی ایس چاری، کمشنر جی ایچ ایم سی ا?ر وی کرنن ا?ئی اے ایس، کلکٹر میڑچل ملکاجگیری این منو چودھری ا?ئی اے ایس کے علاوہ دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔ سدرشن ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ فہرست رائے دہندگان پر خصوصی نظرثانی مہم کے دوران ہر اہل رائے دہندے کا نام فہرست میں شامل کیا جائے اور کسی بھی نااہل رائے دہندے کی شمولیت سے گریز کیا جائے۔مہم کے دوران اگر کوئی نااہل رائے دہندہ فہرست میں پایا جائے تو اُس کا نام حذف کیا جائے گا۔ سدرشن ریڈی نے کہا کہ SIR مہم انتہائی شفافیت کے ساتھ انجام دی جائے گی اور خامیوں کی گنجائش نہیں رہے گی۔الیکٹورل رجسٹریشن ا?فیسرس کو ہدایت دی گئی کہ وہ بوتھ سطح کے عہدیداروں کے لئے مناسب ٹریننگ کا اہتمام کریں تاکہ 25 جون سے شروع ہونے والے گھر گھر مہم میں رائے دہندوں کے ناموں کا جائزہ لینے میں کوئی دشواری نہ ہو۔سدرشن ریڈی نے کہا کہ ایس ا?ئی ا?ر مہم میں بوتھ لیول ا?فیسرس کا رول اہمیت کا حامل ہے۔ الیکٹورل رجسٹریشن ا ?فیسرس سے خواہش کی گئی کہ وہ بوتھ لیول ا?فیسرس کے ناموں کی وقتاً فوقتاً نگرانی کریں۔ میاپنگ کے کام کو تیزی سے مکمل کرنے کے لئے بوتھ لیول ا?فیسرس کو درکار ہر مدد فراہم کی جائے گی۔ سدرشن ریڈی نے الیکٹورل رجسٹریشن ا ?فیسرس کو ہدایت دی کہ وہ مہم کے دوران گیٹیڈ کمیونٹیز اور رہائشی کامپلکسوں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے SIR سے متعلق شعور بیداری مہم چلائیں تاکہ کوئی بھی حقیقی رائے دہندہ فہرست میں شمولیت سے محروم نہ رہے۔اُنھوں نے شہری علاقوں میں موجود سلم علاقوں پر خصوصی توجہ دینے کا مشورہ دیا۔اُنھوں نے کہا کہ فہرست میں ناموں کی شمولیت سے متعلق فارمس انگلش اور تلگو میں دستیاب رہیں گے۔ عہدیداروں کو چاہئے کہ وہ اہم اور انتہائی اہم شخصیتوں کے ناموں کی شمولیت اور میاپنگ پر توجہ دیں۔ سدرشن ریڈی نے اعلان کیا کہ ایس ا?ئی ا?ر مہم میں نمایاں خدمات انجام دینے والے بوتھ لیول ا ?فیسرس کو ’’بسٹ بی ایل او ایوارڈ‘‘ پیش کئے جائیں گے۔اُنھوں نے الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ شیڈول کی تفصیلات پیش کیں اور کہا کہ یہ مہم نقائص سے پاک ہونی چاہئے تاکہ کسی بھی فریق کو شکایت کا موقع نہ رہے۔اُنھوں نے سیاسی پارٹیوں کی جانب سے نامزد کئے جانے والے بوتھ سطح کے ایجنٹس کے رول کی بھی وضاحت کی۔

## خواجہ معیز الدین قتل کیس: 4 ملزمین کو حراست میں لیا گیا

### گوا سے حیدرآباد منتقلی۔اسکار پیو کار کا بھی پتہ چل گیا۔موبائیل لوکیشن سے تحقیقات میں مدد

حیدرآباد۔ شہر کے سینئر ایڈوکیٹ خواجہ معزالدین کے قتل کیس میں پولیس نے آج پیشرفت کرکے اس کیس میں ملوث 4 ملزمین کو حراست میں لے لیا اور قتل میں استعمال کی گئی کار کو بھی ضبط کرلیا۔ ذرائع نے بتایا کہ پولیس کی اسپیشل ٹیم نے گوا پہنچ کر خواجہ معزالدین ایڈوکیٹ کے قتل کیس کے 4 ملزمین جن کی شناخت ونئے سنگھ، ابھجیت (کارڈرائیور)، کشن سنگھ اور جعفر کی حیثیت سے کی گئی کو حراست میں لے لیا اور انہیں شہر منتقل کیا جارہا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ونئے نامی ملزم بھی اس کیس میں شامل ہے جو قتل کی سازش سے واردات انجام دینے تک کار میں موجود رہا۔ پولیس نے سیاہ اسکارپیو کار کے اصلی مالک کو بھی حراست میں لے لیا ہے لیکن اس نے یہ بتایا ہے کہ 6 ماہ قبل ہی اپنی گاڑی دوسرے افراد کو فروخت کردی تھی لیکن گاڑی مالک کے ٹرانسفر کی کارروائی مکمل نہیں ہوئی تھی۔ نامپلی پولیس اسٹیشن سے وابستہ ایک اسپیشل ٹیم نے کمشنر ٹاسک فورس کی مدد سے یہ آپریشن انجام دیتے ہوئے خواجہ معزالدین قتل کیس ملزمین کا ان کے موبائیل فون کے ذریعہ پتہ لگایا اور انہیں فوری حراست میں لے لیا اور بذریعہ فلائیٹ انہیں حیدرآباد منتقل کیا جارہا ہے۔ واضح رہے کہ پولیس نے قتل کے دن ہی خاطیوں کا پتہ لگالیا تھا اور ان کے تصاویر، قتل میں استعمال کی گئی گاڑی جسے پوشیدہ رکھا گیا تھا کا پتہ لگالیا۔تحقیقات کے دوران پولیس نے 200 سے زائد سی ٹی وی کیمروں کا تجزیہ کیا جس میں خاطیوں کی نقل وحرکت کے بارے میں ٹھوس شواہد دستیاب ہوئے۔ملزمین کی مقتول کے گھر کے قریب موجودگی کا بھی موبائیل فون کے ٹاور لوکیشن کے ذریعہ پتہ چلایا گیا ہے۔دریں اثناء اے سی پی پولیس عابڈز پروین کمار کی زیرنگرانی محبوب عالم خان اور ان کے بیٹے مجاہد عالم خان کو اے سی پی دفتر طلب کرکے ان سے پوچھ تاچھ کی۔ بعدازاں اس تحقیقات کے تصاویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئے تھے۔ذرائع نے بتایا کہ پولیس نے قتل کی سازش سے واردات انجام دینے تک کا معمہ حل کرلیا اور کیس کی تفصیلات کا پیر کو پریس کانفرنس میں اعلان کیا جاسکتا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ اس قتل کی سازش دراصل ڈسمبر 2025 میں ہی رچی گئی تھی تاہم نامعلوم وجوہات کی بناء پر اس منصوبہ کو ملتوی رکھا گیا تھا۔حالیہ دنوں میں پولیس ملک پیٹ میں ممتاز یار الدولہ وقف کی اراضی فروخت کا مسئلہ ایک بار پھر منظر عام پر آیا تھا جس کے بعد دو علیحدہ مقدمات بھی درج ہوئے تھے۔ ان حالات کے بعد قتل کے منصوبہ پر عمل کردیا گیا۔






# اسمارٹ میٹرس کی تنصیب سے مفت برقی سربراہی اسکیمات غیر متاثر

## اپوزیشن کا غیر ضروری پروپگنڈہ، وزیر مال سرینواس ریڈی کی وضاحت



حیدرآباد۔ محکمہ برقی نے وضاحت کی ہے کہ ریاست میں غریبوں کو 200 یونٹ مفت برقی سربراہی اور زرعی شعبہ کو مفت سربراہی کا سلسلہ جاری رہے گا۔ محکمہ نے صارفین کے لئے اسمارٹ میٹرس کی تنصیب کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ اسمارٹ میٹرس کی تنصیب کو مفت سربراہی اسکیمات سے مربوط نہیں کیا جاسکتا ہے۔ بعض گوشوں کی جانب سے اسمارٹ میٹرس کی تنصیب کا حوالہ دیتے ہوئے مفت برقی سربراہی اسکیم ختم کرنے کے اندیشے ظاہر کئے جارہے ہیں۔ حکومت کا مقصد برقی کے استعمال اور سربراہی کے بارے میں حقیقی اعداد وشمار حاصل کرنا ہے لہذا اسمارٹ میٹرس کی تنصیب کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ محکمہ نے واضح کیا کہ اگر برقی سربراہ کرنے والے ادارے بھاری نقصانات سے دوچار ہوجائیں تو اِس کا بوجھ صارفین پر شرحوں میں اضافہ کی صورت میں عائد ہوتا ہے۔ حکومت چاہتی ہے کہ برقی سربراہی کے معاملہ میں حقیقی اعداد وشمار حاصل کرتے ہوئے برقی اداروں کو رعایتی اسکیمات کا معاوضہ ادا کیا جائے۔ بی ا?ر ایس قائدین نے اسمارٹ میٹرس کی تنصیب کو حکومت کی جانب سے مفت برقی سربراہی اسکیم ختم کرنے کی سمت پیش قدمی قرار دیا۔ وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے واضح کیا کہ بی ا?ر ایس دور حکومت میں مرکزی وزارت برقی سے 4 جنوری 2017ء کو معاہدہ کیا گیا جس کے تحت اسمارٹ میٹرس کی تنصیب سے اتفاق کیا گیا۔ اُنھوں نے کہا کہ بی ا?ر ایس کے دور حکومت میں ہی برقی سربراہ کرنے والی کمپنیوں نے اِس سلسلہ میں معاہدہ کیا تھا۔ معاہدہ کے تحت مختلف شعبہ جات کے صارفین کے لئے اسمارٹ میٹرس کی تنصیب کو لازمی قرار دیا گیا۔ ایسے صارفین جو ہر ماہ 500 یونٹ سے زائد برقی استعمال کرتے ہیں اُنھیں اسمارٹ میٹر کے دائرہ میں شامل کیا جائے گا۔ 200 یونٹ سے کم برقی استعمال کرنے والے صارفین اِس سے مستثنیٰ رہیں گے۔ تلنگانہ حکومت غریب خاندانوں کو 200 یونٹ تک مفت برقی سربراہ کررہی ہے۔ حکومت نے پہلے مرحلہ میں سرکاری محکمہ جات، تجارتی اور صنعتی صارفین کے لئے اسمارٹ میٹرس کی تنصیب کا منصوبہ بنایا ہے تا کہ اِن اہم شعبہ جات میں برقی کے استعمال اور برقی نقصانات کا اندازہ کیا جاسکے۔ برقی سربراہ کرنے والے ادارے گزشتہ کئی برسوں سے نقصانات کا سامنا کررہے ہیں اور حکومت کو اُمید ہے کہ اسمارٹ میٹرس کی تنصیب سے برقی کے خسارہ میں کمی ا?ئے گی اور برقی اداروں کو حکومت سے معاوضہ حاصل کرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ پی سرینواس ریڈی نے واضح کیا کہ کسانوں کے لئے مفت برقی اور غریبوں کے لئے 200 یونٹ مفت سربراہی جیسی اسکیمات برقرار رہیں گی۔

# پرجا پالنا کے تحت 2 تا 12 جون ریاست بھر میں حکومت کے خصوصی پروگرام

## کابینی سب کمیٹی کا اجلاس، اندراماں انشورنس اسکیم کیلئے استفادہ کنندگان کے انتخاب کی ہدایت، بھٹی وکرامارکا اور دیگر وزراء کی شرکت



حیدرآباد۔ حکومت کے 99 روزہ پرجا پالنا پرگتی پرانالیکا پروگرام پر کامیاب عمل ا?وری پر کابینی سب کمیٹی نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مہم کے اختتامی مرحلہ میں 2 تا 12 جون ریاست بھر میں خصوصی پروگراموں کے انعقاد کی ہدایت دی ہے۔ پرجا پالنا پروگرام کی نگرانی کے لئے قائم کردہ کابینی سب کمیٹی کا اجلاس ڈپٹی چیف منسٹر بھٹی وکرامارکا کی صدارت میں سکریٹریٹ میں منعقد ہوا۔ وزیر سیول سپلائز اتم کمار ریڈی، وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی سریدھر بابو اور وزیر مال سرینواس ریڈی کے علاوہ اعلیٰ عہدیداروں نے شرکت کی۔ بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ پرجا پالنا کے اختتامی مرحلہ میں 2 تا 12 جون ریاست بھر میں فلاحی اسکیمات سے متعلق پروگرامس منعقد کئے جائیں گے۔ اُنھوں نے کہا کہ ہر دیہات میں گرام سبھا اور منڈل اور اسمبلی حلقہ جات کی سطح پر عوامی مسائل کی سماعت کی جائے۔ اُنھوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ ضلع کی سطح پر عوامی نمائندوں کے ساتھ فلاحی اسکیمات پر عمل ا?وری کے اقدامات کئے جائیں۔ اُنھوں نے کہا کہ نظم ونسق کی بہتر کارکردگی کے لئے عوام کی شمولیت ضروری ہے اور عہدیداروں کو جوابدہ بنایا جائے۔ کابینی سب کمیٹی نے 2 تا 12 جون مختلف پروگراموں کو قطعیت دی جن میں ماحولیات کا تحفظ، روڈ سیفٹی، بہبودی خواتین واطفال، ہاو?زنگ، شہری ترقی، گرین انرجی جیسے اُمور شامل ہیں۔ خصوصی مہم کے دوران ریاستی وزراء مختلف ترقیاتی کاموں کا ا?غاز کریں گے۔ حکومت نے یوم تاسیس تلنگانہ کے موقع پر غریب خاندانوں کے لئے اندراماں فیملی انشورنس اسکیم پر عمل ا?وری کا فیصلہ کیا ہے۔ بھٹی وکرامارکا نے کہا کہ ہر غریب اور مستحق خاندان کو انشورنس کے دائرہ میں شامل کیا جائے۔ ہر گھر سے تفصیلات حاصل کرتے ہوئے انشورنس کے اہل خاندانوں کا انتخاب کیا جائے گا۔ انشورنس اسکیم کے سلسلہ میں عوام میں شعور بیداری مہم کا فیصلہ کیا گیا اور دیہاتوں کی سطح پر خصوصی کیمپس منعقد کئے جائیں گے۔ چیف سکریٹری رام کرشنا راو? نے تمام سرکاری محکمہ جات کو ہدایت دی ہے کہ پرجا پالنا کے تحت طے شدہ پروگراموں پر مو?ثر انداز میں عمل کیا جائے۔ اجلاس میں ڈائرکٹر جنرل پولیس سی وی ا?نند، اسپیشل چیف سکریٹری جیش رنجن، وکاس راج، نوین متل، وانی پرساد، دانا کشور، پرنسپل سکریٹری فینانس سندیپ کمار سلطانیہ، سکریٹری فینانس گورو اپل اور دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔

# کرناٹک، تلنگانہ نے کرشنا ندی بیراج پروجیکٹ پر اہم بات چیت کی۔

حیدرآباد: بین ریاستی پانی کی تقسیم اور آبپاشی کی منصوبہ بندی کے سلسلے میں ایک اہم پیشرفت میں، کرناٹک کے چھوٹے آبپاشی کے وزیر این ایس بوسراجو نے پیر 25 مئی کو حیدرآباد میں تلنگانہ کے وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی، تاکہ کرشنا ندی کے پار کرناٹک کے مجوزہ نئے بیراج اور آبپاشی پراجکٹ پر تبادلہ خیال کیا جاسکے۔ حیدرآباد میں تلنگانہ سکریٹریٹ میں منعقدہ میٹنگ میں رائچور ضلع کے کوراکنڈا گاؤں کے قریب کرناٹک کے مجوزہ بیراج سے متعلق طریقہ کار، تکنیکی اور بین ریاستی ہم آہنگی کے پہلوؤں پر توجہ مرکوز کی گئی۔ دونوں ریاستوں کے سینئر عہدیداروں نے بات چیت میں حصہ لیا، جبکہ کرناٹک کے عہدیداروں نے فزیبلٹی اسٹڈیز اور پروجیکٹ کے ڈیزائن کے بارے میں تفصیلی پیشکش کی۔ میٹنگ کے دوران تلنگانہ کے نمائندوں نے اپنی ریاست کے آبپاشی کے مفادات اور مستقبل میں پانی کی ضروریات پر اس پروجیکٹ کے ممکنہ اثرات پر تشویش کا اظہار کیا۔ تلنگانہ کے وزیر اتم کمار ریڈی نے اس بات پر زور دیا کہ کسی بھی پروجیکٹ کے ڈیزائن کو اس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ تلنگانہ کے مفادات پر منفی اثر نہ پڑے۔ میٹنگ کے بعد بات کرتے ہوئے اتم کمار ریڈی نے کہا کہ آج کی میٹنگ میں زیر بحث مسائل کو چیف منسٹر ریونت ریڈی کے نوٹس میں لایا جائے گا، تفصیلی مشاورت کے بعد اجتماعی فیصلہ کیا جائے گا۔ آبپاشی کے حقوق کا تحفظ اور مستقبل میں پانی کی ضروریات کا تحفظ ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے مزید زور دیا کہ کرشنا ندی کے پانی کے استعمال کا انتظام ریاستوں کے درمیان تعاون اور باہمی مفاہمت کے ذریعہ کیا جانا چاہیے۔'' تلنگانہ اور کرناٹک دونوں کو ایک متوازن معاہدے کی طرف کام کرنا چاہیے جو دونوں ریاستوں کے کسانوں اور شہریوں کے مفادات کا تحفظ کرتا ہے،'' انہوں نے کہا۔ تلنگانہ کے حکام کے مطابق، کرناٹک نے تجاویز پیش کیں جن کا مقصد پینے کے پانی کی ضروریات، زمینی پانی کے ریچارج، آبپاشی کی مدد اور بین ریاستی رابطہ کاری کے طریقہ کار کے ذریعے پائیدار زراعت کے لیے طویل مدتی حل تلاش کرنا ہے۔ دریں اثناء کرناٹک کے وزیر این ایس۔ بوسیراجو نے میٹنگ کو علاقائی پانی کے انتظام کے نقطہ نظر سے تعمیری اور اہم قرار دیا۔ بات چیت کے بارے میں تفصیلات کا اشتراک کرتے ہوئے، بوسیراجو نے کہا،'' آج ہم نے تلنگانہ کے وزیر آبپاشی اتم کمار ریڈی کے ساتھ رائچور ضلع کے کوراکنڈا گاؤں کے نزدیک کرشنا ندی کے پار مجوزہ بیراج کے لیے فزیبلٹی اسٹڈیز کے سلسلے میں ایک اعلیٰ سطحی بین ریاستی میٹنگ میں شرکت کی۔'' انہوں نے مزید کہا کہ کرناٹک حکومت کا اقدام پانی کے وسائل کے موثر انتظام، آبپاشی کی ترقی، پینے کے پانی کی حفاظت اور خطے میں پائیدار زرعی ترقی کے تئیں اس کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ بوسیراجو نے کہا،'' ہمارا چھوٹا آبپاشی اور زمینی ترقی کا محکمہ زمینی پانی کے ریچارج کو بہتر بنانے اور لوگوں اور کسانوں کے لیے پانی کی دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے ایک طویل مدتی وژن کے ساتھ کام کر رہا ہے۔'' وزیر نے دریائی پانی کے مسائل پر تلنگانہ کے ساتھ تعاون پر مبنی تعلقات کو برقرار رکھنے کے لیے کرناٹک کی رضامندی کا بھی اعادہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ کرناٹک اور تلنگانہ دونوں ریاستوں کے کسانوں اور عوام کے فائدے کے لیے ہمیشہ تعاون کے جذبے کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔ مجوزہ پروجیکٹ کو اہمیت حاصل ہوگئی ہے کیونکہ کرناٹک اور تلنگانہ دونوں کرشنا طاس کے علاقے میں بدلتے ہوئے موسمی حالات اور زرعی دباؤ کے درمیان پانی کی بڑھتی ہوئی طلب کو سنبھالنے کے لیے حکمت عملیوں کی تلاش جاری رکھے ہوئے ہیں۔

# خواجہ معزالدین قتل کیس میں استعمال کی گئی کار ضبط، مزید چار گرفتاریاں

حیدرآباد۔ شہر کے مشہور وکیل خواجہ معزالدین کے قتل کیس میں پولیس مزید پیشرفت کرتے ہوئے خاطیوں کی جانب سے جرم میں استعمال کی گئی کار کو شہر کے مضافاتی علاقہ سے ضبط کرلیا۔ اسی دوران پولیس نے اس کیس میں ملوث مزید چار افراد کو حراست میں لے لیا ہے۔ واضح رہے کہ قتل کیس کی تحقیقات کرنے والی پولیس ٹیموں نے ونئے سنگھ، ابھیجیت پوری، جعفر، عثمان اور دیگر کو حراست میں لے کر تفتیش کی ہے جس میں پولیس کو اہم سراغ ہاتھ لگے ہیں۔ ابھیجیت جو اس کیس کا اہم ملزم ہے جو خواجہ معزالدین کو ٹکر دینے والی کار چلارہا تھا اور اس نے اپنے دیگر ساتھیوں کے ساتھ فرار ہونے کی کوشش کے دوران شہر کے مضافاتی علاقہ ابراہیم پٹنم بائی پاس کار کو چھوڑ کر وہاں سے فرار ہوگیا تھا۔ پولیس کی ٹیموں نے کار کا کامیاب طور پر پتہ لگاتے ہوئے اسے ضبط کرلیا اور تحقیقات میں یہ معلوم ہوا ہے کہ ملزمین نے جرم میں استعمال کی گئی کار کو 6 ماہ قبل OLX کے ذریعہ خریدا تھا لیکن کار مالک کی تفصیلات و آرسی بک تبدیل نہیں کیا تھا۔ باوثوق ذرائع نے بتایا کہ قتل کو انجام دینے کے دوران بعض ملزمین نے اسمارٹ فون کا نہیں بلکہ بٹن والے فون کا استعمال کیا تھا اور نئے سم کارڈ بھی حاصل کئے گئے تھے۔ کمشنر پولیس نے خاطیوں کا پتہ لگانے کیلئے اب تک 10 خصوصی ٹیمیں تشکیل دی ہیں جو مہاراشٹرا کے اورنگ آباد اور دیگر مقامات پر تعینات کئے گئے ہیں۔ تازہ ترین کارروائی میں پولیس نے ایک کالج کے انتظامیہ کے بعض افراد کو بھی حراست میں لیا ہے، جن پر اس کیس میں ملوث ہونے کا شبہ ہے۔ حالانکہ پولیس نے مشتبہ افراد کو اس کیس کی تحقیقات کے دوران دو دن قبل ہی حراست میں لے لیا ہے اور چہارشنبہ کو ان کی گرفتاری کا اعلان متوقع ہے۔ اسی دوران ڈائرکٹر جنرل پولیس سی وی آنند نے ماؤسٹوں کی خودسپردگی سے متعلق پریس کانفرنس کے دوران خواجہ معزالدین قتل کیس پر صحافیوں کی جانب سے کئے گئے سوالات کے جواب میں کہا کہ اس کیس کی تحقیقات شفافیت سے کی جارہی ہے اور کمشنر پولیس حیدرآباد اس کیس اور قتل کی سازش سے متعلق تمام تفصیلات کا پریس کانفرنس میں اعلان کریں گے۔ سی وی آنند نے یہ بھی کہا کہ ایڈوکیٹ قتل کیس کی تحقیقات آزادانہ انداز میں کی جارہی ہے اور اس میں کوئی سیاسی اثر و رسوخ استعمال نہیں کیا جارہا ہے۔

# بھیانک سڑک حادثہ: 5 لاریاں، 7 کاروں سمیت 12 گاڑیاں آپس میں ٹکرا گئیں، متعدد افراد زخمی

نظام آباد۔ نظام آباد ضلع میں قومی شاہراہ نمبر 44 پر ایک بھیانک سڑک حادثہ پیش آیا جس میں پانچ لاریوں اور سات کاروں سمیت جملہ 12 گاڑیاں ا?پس میں ٹکرا گئیں۔ اس ہولناک حادثے میں کئی کاریں مکمل طور پر تباہ ہوگئیں جبکہ متعدد افراد شدید زخمی ہوئے۔ ایک زخمی کی حالت نازک بتائی جارہی ہے۔ حادثے کے باعث کاماریڈی، نظام ا?باد اور ا?رمور جانے والی گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ گئیں اور ٹریفک کئی کلومیٹر تک جام ہوگئی۔ پولیس نے کرینوں کی مدد سے تباہ شدہ گاڑیوں کو سڑک سے ہٹا کر ٹریفک بحال کیا۔ پولیس اور مقامی افراد کے مطابق یہ حادثہ ضلع کے اندلوائی پولیس اسٹیشن کے حدود چندرائن پلی موضع کے قریب قومی شاہراہ نمبر 44 پر پیش ا?یا۔ بتایا جاتا ہے کہ ایک لاری کا ٹائر پنکچر ہوجانے کے بعد ڈرائیور نے گاڑی سڑک پر روک کر ٹائر تبدیل کرنا شروع کیا تھا۔ اسی دوران پیچھے سے ا?نے والی ایک ڈی سی ایم لاری بے قابو ہوکر اس سے ٹکرا گئی جس کے نتیجہ میں دونوں گاڑیوں کے اگلے حصے بری طرح تباہ ہوگئے اور ڈرائیور و کلینر زخمی ہوگئے۔ اس دوران ناریل سے لدی ایک اور لاری سامنے کھڑی گاڑیوں کو بچانے کی کوشش میں سڑک سے نیچے اُتر کر قریب کے کھیت میں اُلٹ گئی۔ شاہراہ پر گاڑیوں کی قطار لگ گئی تھی کہ اسی دوران مویشیوں کی کھاد سے بھری ایک تیز رفتار لاری نے سامنے کھڑی گاڑیوں کو زوردار ٹکر ماردی جس کے نتیجہ میں سات کاریں بری طرح تباہ ہوگئیں جبکہ مزید دو لاریوں کو بھی نقصان پہنچا۔ ایک شخص کی ٹانگ ٹوٹ گئی جبکہ کئی افراد شدید زخمی ہوئے۔ تمام زخمیوں کو ٹول پلازہ ایمبولنس کے ذریعہ ضلع کے سرکاری دواخانہ منتقل کیا گیا۔ اندلوائی پولیس اسٹیشن سب انسپکٹر سندیپ اس معاملہ کی تحقیقات کررہے ہے۔

# سونے کے ذخائر سے دنیا میں 10 خوشحال ممالک کا انتخاب

## امریکہ 8133 ٹن کے ساتھ سرفہرست، ہندوستان میں 880 ٹن سونے کے ذخائر

حیدرآباد۔ عام طور پر کسی بھی ملک کی خوشحالی کا اندازہ ملک میں سونے کے ذخائر سے لگایا جاتا ہے۔ ہندوستان میں معاشی بحران کا ایک مرحلہ وہ بھی گزرا جب ملک کے سونے کے ذخائر کو رہن رکھنے پر مجبور ہوا پڑا تھا۔ ویسے مہنگائی اِن دنوں کسی ایک ملک تک محدود نہیں بلکہ ایک عالمی مسئلہ بن چکا ہے۔ جب کبھی عالمی تیل کی منڈی میں قیمتوں میں اُچھال ا?تا ہے، بیشتر ممالک مہنگائی کی شرح میں اضافہ کا اعلان کرتے ہیں۔ پٹرولیم اشیاء کی قیمتوں میں اضافہ کا اثر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر پڑتا ہے کیوں کہ سامان کی منتقلی اور ٹرانسپورٹیشن کے اخراجات ازخود بڑھ جاتے ہیں۔ سونے کے ذخائر کے معاملہ میں امریکہ کا شمار دنیا کے معاشی طور پر خوشحال ممالک میں ہوتا ہے جہاں سونے کا ذخیرہ 8100 ٹن ہے۔ جرمنی میں حکومت کے پاس سونے کا ذخیرہ 3350 ٹن بتایا جاتا ہے اور وہ خوشحال ممالک کی فہرست میں دوسرے نمبر پر ہے۔ اٹلی میں 2452 ٹن جبکہ فرانس 2437، روس 2333 ٹن اور چین میں 2292 ٹن سونا موجود ہے۔ سونے کے ذخائر کے اعتبار سے دنیا کے جن 10 ممالک کا سروے میں انتخاب کیا گیا اُن میں ہندوستان ا?ٹھویں نمبر پر ہے۔ ہندوستان میں سونے کے ذخائر 880 ٹن بتائے جاتے ہیں جبکہ جاپان اور ترکی میں ہندوستان سے کم سونا موجود ہے۔ جاپان میں 846 اور ترکیہ میں 624 ٹن سونا موجود ہے۔ سروے میں کہا گیا ہے کہ ہندوستان اور چین معیشت کو بہتر بنانے کے لئے طویل مدتی حکمت عملی کے تحت سونے کے ذخائر میں اضافہ کررہے ہیں۔ معاشی ماہرین کے مطابق ممالک کی خوشحالی اور بینکوں کے استحکام کا اندازہ سونے کے ذخائر سے کیا جاسکتا ہے۔

# SIR مہم کے نتیجہ میں کارپوریشنوں کے چناؤ میں تاخیر کا اندیشہ

## کلکٹرس اور دیگر عہدیدار مصروف، نئی فہرست کے مطابق اکتوبر کے بعد چناؤ ہوں گے

حیدرآباد ۔ تلنگانہ میں فہرست رائے دہندگان پر خصوصی نظرثانی مہم (SIR) کا شیڈول جاری ہوچکا ہے اور الیکشن کمیشن نے بوتھ لیول آفیسرس کے ذریعہ گریٹر حیدرآباد اور اس کے اطراف کے حدود میں میاپنگ کا کام شروع کردیا ہے۔ فہرست رائے دہندگان پر نظرثانی کے نتیجہ میں سیاسی پارٹیوں کو اپنے اپنے حامیوں کے ناموں کے تحفظ کی فکر لاحق ہے۔ ایسے میں میونسپل کارپوریشنوں اور ایم پی ٹی سی اور زیڈ پی ٹی سی کے انتخابات میں تاخیر ہوسکتی ہے۔ گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن، ملکاجگری اور سائبر آباد کارپوریشنوں کے انتخابات کے سلسلہ میں سیاسی پارٹیاں پرامید ہیں لیکن فہرست رائے دہندگان پر نظرثانی کا کام 25 جون سے شروع ہوگا جو 3 ماہ تک جاری رہے گا۔ ایسے میں اسٹیٹ الیکشن کمیشن کی جانب سے چناؤ کے انعقاد کے امکانات موہوم دکھائی دے رہے ہیں۔ بتایا جاتا ہے کہ حکومت حیدرآباد کے علاوہ سائبر آباد اور ملکاجگری کارپوریشنوں کے چناؤ اگست یا ستمبر میں منعقد کرنے کا منصوبہ رکھتی تھی لیکن ان ایام میں ایس آئی آر مہم عروج پر رہے گی۔ تلنگانہ کی قطعی فہرست رائے دہندگان یکم اکتوبر کو جاری کی جائے گی۔ عہدیداروں کا ماننا ہے کہ نظرثانی مہم کے سبب مجالس مقامی اور ایم پی ٹی سی اور زیڈ پی ٹی سی چناؤ کے انعقاد میں تاخیر ہوسکتی ہے۔ ضلع کلکٹرس، آر ڈی او، ایم آر اوز، پنچایت عہدیدار اور دیگر فیلڈ آفیسرس ایس آئی آر مہم میں مصروف ہیں۔ حکومت پنچایت اور میونسپلٹیز کے انتخابی مرحلہ کو مکمل کرچکی ہے۔ حیدرآباد کارپوریشن کو تین حصوں میں تقسیم کردیا گیا اور کانگریس پارٹی تینوں کارپوریشنوں میں بہتر مظاہرہ کی امید کررہی ہے۔ ورنگل، کھمم، سدی پیٹ، اچم پیٹ اور کتور کارپوریشنوں کے انتخابات اکتوبر تا ڈسمبر کے درمیان منعقد ہوں گے اور نئی فہرست رائے دہندگان کے مطابق رائے دہی ہوگی۔

# مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان سے استعفیٰ کا مطالبہ

## ،اپوزیشن سیاسی جماعتیں وجہد کاروں کا مطالبہ

حیدرآباد۔ کاکروچ جنتا پارٹی نے ملک میں اپوزیشن سیاسی جماعتوں کو سڑکوں پر جدوجہد کرنے اور ان کے مسائل اٹھانے کے لئے مجبور کردیا ہے اور اب کانگریس کے علاوہ ملک کی دیگر علاقائی سیاسی جماعتیں بھی کاکروچ جنتا پارٹی کے مطالبات کے ساتھ سڑکوں پر اترا?ئی ہیں۔ کاکروچ جنتا پارٹی جس نے ہندوستانی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ کا مطالبہ شروع کرتے ہوئے ا?ن لائن پٹیشن کا ا?غاز کرتے ہوئے زائد از 6 لاکھ دستخطیں جمع کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے اور اس مطالبہ میں شدت پیدا کرنے کے لئے ا?ن لائن مہم چلارہی ہے اب اس مطالبہ کے ساتھ ملک کی اہم اپوزیشن کانگریس کے علاوہ اترپردیش میں کانگریس اور سماج وادی پارٹی نے دھرمیندر پردھان کے استعفیٰ کا مطالبہ کرتے ہوئے سڑکوں پر احتجاج کا ا?غاز کردیا ہے۔ کاکروچ جنتا پارٹی کو مرکزی حکومت کی جانب سے جس انداز میں دبانے کی کوشش کی ہے اور یہ باور کروایا جانے لگا ہے کہ کاکروچ جنتا پارٹی دراصل ملک کی سالمیت کے لئے خطرہ ہے اسی لئے حکومت ان کے خلاف کاروائی کررہی ہے تو ایسی صورت میں 'کاکروچ جنتا پارٹی' خود کو منوانے میں مصروف رہی ہے اور اپوزیشن جماعتوں نے ان کے مطالبات پر باضابطہ تحریک کا ا?غاز کردیا ہے۔ نوجوان جو 'کاکروچ جنتا پارٹی' کا تیزی سے حصہ بننے کے علاوہ اپنے مسائل کو کاکروچ جنتا پارٹی سے ا?ن لائن رجوع کرنے لگے ہیں ان مسائل پر کاکروچ جنتا پارٹی کھل کر اپنے موقف کا اظہار کرنے لگی ہے جو کہ نوجوان نسل کو متاثر کررہا ہے۔ نوجوان نسل کی کاکروچ جنتا پارٹی سے قربت کو دیکھتے ہوئے اب سماج کے نام نہاد متفکرین و دانشور دوبارہ سوشل میڈیا پر سرگرم ہوچکے ہیں جو نوجوانوں کی اس تحریک کو سیاسی سازش قرار دیتے ہوئے 'کاکروچ' سے دور رہنے کا مشورہ دینے لگے ہیں۔ سماج کو ہندو اور مسلمان کے درمیان تقسیم کرنے والے سیاستدانوں کے حامی جو غلامانہ ذہنیت رکھتے ہیں وہ نوجوانوں کو یہ باور کروانے کی کوشش کررہے ہیں کہ ملک میں شورش پیدا کرنے کے لئے یہ سازش کی جارہی ہے حالانکہ یہ ایک حقیقت ہے کہ چیف جسٹس ا?ف انڈیا نے جو جملے کہے ہیں ان جملوں سے دلبرداشتہ نوجوان ا?ن لائن 'کاکروچ جنتا پارٹی' کا طنز کرتے ہوئے حقائق کو منظر عام پر لانے لگے ہیں۔ جو لوگ یہ کہہ رہے ہیں کہ کاکروچ جنتا پارٹی سازش ہے تو کیا وہ چیف جسٹس ا?ف انڈیا کو اس سازش کا حصہ مانتے ہیں جو کہ ملک میں شورش پیدا کرنے کے لئے تیار کی گئی ہے! مسلم سماج میں بھی کاکروچ جنتا پارٹی سے دور رہنے کی تاکید و تلقین کی جارہی ہے تا کہ نوجوان سوال پوچھنے کے بجائے اپنی گردن جھکائے ہر اس فیصلہ کو قبول کرتے رہیں جو کہ ان کے مستقبل' بنیادی سہولتوں کے علاوہ بہتر سماج کی تشکیل کے نام پر کیا جا

# نلگنڈہ میونسپل کارپوریشن کا اجلاس، گرما گرم مباحث

## ترقیاتی کاموں پر عہدیداروں سے میئر کی باز پرس، پینے کے پانی کی فراہمی کیلئے اقدامات

نلگنڈہ۔ نلگنڈہ میونسپل کارپوریشن کے عام اجلاس میں عوامی مسائل بالخصوص پینے کے پانی، برقی اور زیرزمین نکاسی ا?ب کے اُمور پر تفصیلی اور گرما گرم بحث ہوئی۔ مختلف ڈیویژنوں کے کارپوریٹرس نے مطالبہ کیا کہ شہری علاقوں میں درپیش بنیادی مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے تا کہ عوام کو راحت فراہم ہوسکے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے میئر بری چیتنیہ سرینواس ریڈی نے کہا کہ گرمیوں کے موسم میں پانی کی قلت سے نمٹنے کیلئے خصوصی اقدامات کیے گئے ہیں اور شہر کے مختلف علاقوں میں پینے کے پانی کی فراہمی کو بہتر بنانے کیلئے مسلسل کام جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر کومٹ ریڈی وینکٹ ریڈی کے تعاون سے ترقیاتی کاموں میں تیزی لائی جارہی ہے۔ اجلاس کے دوران کئی عوامی نمائندوں نے مختلف ڈیویژنوں میں زیر التواء ترقیاتی کاموں پر متعلقہ عہدیداروں سے سخت باز پرس کی۔ بعض کارپوریٹرس نے ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ میئر نے برقی سربراہی کے مسئلہ پر بات کرتے ہوئے کہا کہ کم اولٹیج کے باعث برقی کی فراہمی متاثر ہورہی ہے تاہم جلد ہی نئے سب اسٹیشن قائم کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام ڈیویژنوں میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے خصوصی اقدامات کیے جارہے ہیں اور پانی اسکیم کے ذریعے ہر گھر تک صاف پانی پہنچانے کا ہدف مقرر کیا

Editor Printer, Publisher & Owner by MOHD ATHER RAHEEM Published from FALAKNUMA NEWS Urdu Weekly 19-4-276/5/A Flat No 502.5th Floor Lakeview Residency,Baquar Nagar,BNK Colony,Miralam Tank Hyderabad 500 064. Printed at RIYAZ PRINTING PRESS #22-8-161 Behind Nayaab Hotel Chatta Bazar,Hyderabad-500002 Telangana.Head Office Contact No.04045375318,www.falaknumanews.in